
حکومت پنجاب
ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ
ڈائریکٹوریٹ آف ویمن ڈویلپمنٹ




پنجاب ڈے کیئر فنڈ
(پی ڈی سی ایف) سوسائٹی



# MAPPING OF DCCs ACROSS PUNJAB




**DCCs STATUS**
- Operational
- To be Operational (Funds Released)

**ROAD NETWORK**
- Highway
- Primary
- Secondary

**SETTLEMENTS**
- Federal Capital
- Provincial Capital
- City
- Town

| COVERAGE OF DISTRICTS | | |
|---|---|---|
| DESCRIPTION | NO | DISTRICTS COVERED |
| Operational DCCs | 146 | 28 |
| To be Operational DCCs (Funds Released) | 67 | 4 |
| TOTAL | 213 | 32 |

N W E S


## Follow us:

www.wdd.punjab.gov.pk wddpb
@womendevdeptt wddPunjab_insta1
WDD: +92 42 99268446, DWD: +92 42 99332496

| PDCF SOCIETY - ACCOMPLISHMENTS | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| Year | Total DCCs | Operational DCCs | To be Operational DCCs (Funds Released) | Kids Benefitted (Est) | Families Benefitted (Est) | Jobs Created (Est) |
| 2013-2020 | 213 | 146 | 67 | 9,832 | 7,265 | 908 |

| PDCF SOCIETY - FUTURE FORECAST | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| Year | Total DCCs | Operational DCCs | To be Operational DCCs (Funds Released) | Kids To Be Benefitted (Est) | Families To Be Benefitted (Est) | Jobs To Be Created (Est) |
| 2020-2021 | 8 | - | - | 85 | 85 | 27 |

## Division Wise Spread Over of DCCs



## اجمالی منظر نامہ

حکومتِ پنجاب کے تحت پنجاب ڈے کیئر فنڈ (PDCF) سوسائٹی کو سوسائٹی رجسٹریشن ایکٹXXI آف1860، کے تحت 7 دسمبر2012 کو رجسٹرڈ کیا گیا تھا۔ سوسائٹی کو ڈے کیئر سنٹرز (DCCs) کو بین الاقوامی معیار کے مطابق سرکاری اور نجی شعبے میں قائم کرنے کا کام سونپا گیا تھا۔ تاکہ ان اداروں کی ملازمت پیشہ خواتین کو سہولت فراہم کی جا سکے۔

ڈائریکٹوریٹ ویمن ڈویلپمنٹ (DWD) پنجاب (سیکرٹریٹ پی ڈی سی ایف سوسائٹی) کو پنجاب بھر میں ڈے کیئر سنٹرز کے قیام کے لیے فنڈز کی فراہمی کا کام سونپا گیا۔

## اغراض ومقاصد

1۔ ملازمت پیشہ خواتین کی مدد کے لیے کام کے مقامات پر ڈے کیئر سنٹرز بنانے کے لئے منصوبہ بندی کرنا اوران پر عمل درآمد کروانا ۔
2۔ عوامی تنظیموں (این پی اوز۔ این جی اوز اور سی بی اوز) کو شفاف طریقے سے گرانٹ کی فراہمی۔
3۔ ڈے کیئر سنٹرز کے لیے عملی اقدامات کے لیے رہنما اصول اور معیار کی تشکیل۔
4۔ عوامی نجی شعبے میں خواتین کو بااختیار بنانے کے لیے مختلف سرگرمیوں کو مربوط بنانا۔
5۔ موجود ڈے کیئر سنٹرز کی بحالی اور توسیع۔
6۔ ڈے کیئر سنٹرز کی ضرورت کے حوالے سے تحقیق کو فروغ دینا۔
7۔ موجود وسائل کی نشاندہی مالیات اور افرادی قوت، کارکردگی کی نگرانی، بہتری اور توسیع کے لئے اقدامات اٹھانا۔

## مالی ہدایات

i۔ پی۔ڈی۔سی۔ایف سوسائٹی (فنانس اینڈ آڈٹ) قواعد2012 کے مطابق امداد فراہم کی جاتی ہے۔
ii۔ یہ مالی امداد ایک سال کے لیے ہوتی ہے۔
iii۔ مالی اعانت باہمی سرمایہ کاری کی بنیاد پر دی جاتی ہے۔ جس کی شرح 70:30 ہوتی ہے۔ (پی۔ڈی۔سی۔ایف سوسائٹی70% لاگت / اخراجات اور درخواست دہندہ 30% اخراجات برداشت کرنے کا پابند ہوگا۔
iv۔ فنڈز آپریشنل اخراجات اور مقرر کردہ / مخصوص سامان کی خریداری کے لیے استعمال ہوگا۔
v۔ فنڈز تعمیراتی سامان کی خریداری کے لیے استعمال نہیں ہوسکیں گے۔

## ڈے کیئر سنٹرز کی درجہ بندی

حکومتِ پنجاب نے جدید ترین ڈے کیئر سنٹرز کے قیام کے لیے 400 ملین کی رقم مختص کی ہے۔ جس کے ذریعے 146 ڈے کیئر سنٹرز کام کر رہے ہیں جب کہ 67 ڈے کیئر سنٹرز کے لیے فنڈز جاری کیے جا چکے ہیں تا کہ مالی سال2020-2021 کے آخر تک کام کا آغاز کر سکیں۔

| Categories | No. of Kids | Space for DCC (Except Kitchen, Washroom & Office Area) | One Time Equipment Cost | One Year Operational Cost | Total Grant |
|---|---|---|---|---|---|
| Category-I | 13-25 | At least 750 | 1,000,000 | 1,260,000 | 2,260,000 |
| Category-II | 7-12 | At least 360 but up to 749 | 700,000 | 630,000 | 1,330,000 |
| Category-III | 3- 6 | At least 180 but up to 359 | 500,000 | 315,000 | 815,000 |

Following documents are available on the website **(www.wdd.punjab.gov.pk)** for facilitation:

- Application form
- List of items and detail of staff at Annex A+B (website)
- Guidelines and standard for DCC

## GRANT DISBURSEMENT MECHANISM

| MAJOR HEADS | PUBLIC SECTOR | PRIVATE SECTOR/ NGO/NPO |
|---|---|---|
| **Equipment Cost** (One Time) | 1st Installment 100% | 1st Installment 50%<br>2nd Installment 50% |
| **Operational Cost** (Salaries & Utilities for One Year) | 1st Installment 50%<br>2nd Installment 50% | 4 - Quarterly Payments |
| **Total Installments** | Funds Released in 2 - Installments | Funds Released in 4 - Installment |

Note: Private organizations shall submit a financial guarantee amounting to Rs. 1 Million

## نگرانی اور جانچ

i۔ دوسری قسط کی فراہمی سے قبل غیر جانبدار پارٹی کی توثیق ضروری ہوگی۔
ii۔ بغیر آگاہ کیے دورہ۔
iii۔ تین سال کے لیے ڈے کیئر سنٹرز کی جانچ۔
iv۔ ایک سال کے لیے مالی کارکردگی کی نگرانی۔

## ☆ ڈے کیئر سنٹرز قائم / بنانے کا طریقہ کار

i۔ درخواست بمعہ مطلوبہ کاغذات کی تصدیق شدہ فہرست کے ساتھ پی ڈی سی ایف سوسائٹی کو جمع کرانا۔
ii۔ پی ڈی سی ایف سوسائٹی کے بورڈ آف گورنرز اور ایگزیکٹو کمیٹی سے منظوری۔
iii۔ ڈی سی سیز کی منظور کردہ درجہ بندی کے مطابق پہلی قسط کا اجراء۔
iv۔ بقیہ اقساط غیر جانبدارانہ پارٹی کی تصدیق کے بعد جاری کی جائیں گی۔
v۔ درخواست دینے کے لئے مطلوبہ کاغذات کی تصدیق شدہ فہرست۔

## ☆ درخواست جانچنے کا طریقہ کار

### سرکاری ادارے / شعبہ جات

1۔ تنظیمی ڈھانچے کی تفصیل۔
2۔ بنک اکاونٹ کی تفصیلات۔
3۔ ڈے کیئر سنٹر کے لئے مجوزہ نقشہ۔
4۔ ڈے کیئر سنٹر کے لیے عمارت کا رقبہ (مربع فٹ)۔
5۔ مطلوبہ مقصد کے لیے استعمال کے لیے عمارت کی تکمیل کی دستاویز۔
6۔ مجاز ادارے کی طرف سے دستخط شدہ (منظور کردہ) سرٹیفکیٹ۔

### پرائیویٹ نجی شعبہ سیکٹر

1۔ تنظیمی ڈھانچے کی تفصیل۔
2۔ مطلوبہ تاریخ تک کارآمد رجسٹریشن سرٹیفکیٹ۔
3۔ بنک اکاونٹ کی تفصیلات۔
4۔ قومی ٹیکس نمبر۔
5۔ ڈے کیئر سنٹر کی عمارت کی نوعیت ملکیتی / کرائے پر۔
6۔ ڈے کیئر سنٹر کے لیے مجوزہ نقشہ۔
7۔ ڈے کیئر سنٹر کے لیے عمارت کا رقبہ (مربع فٹ)۔
8۔ ڈے کیئر سنٹر کو قائم کرنے کے لئے مطلوبہ اعانت۔
9۔ ڈے کیئر سنٹر کے لیے مطلوبہ اشیاء کی خریداری کے لیے کوٹیشن۔
10۔ مجاز ادارے کی طرف سے منظوری کا سرٹیفکیٹ۔